

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۷	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ محرم الحرام ۱۳۴۴ھ مطابق ۳ اگست ۱۹۲۵ء	نمبر ۳۱

فہرست مضامین

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مورخہ ۱۰ جولائی ۱۹۲۵ء

بموجب صراحت رپورٹ ہر دو مدرسین کی مستقلی منظور ہوئی۔ بغرض اجرائے احکام کاغذات واپس ہون۔

حسب الحکم و دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر
اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض
جناب عالی
مولوی محمد امین مدرس دوم مدرسہ عالیہ کا استعفا منظور ہو کر ... میر ساند

بعد ۶ر جنوری ۱۹۲۵ء کو عارضی انتظام برائے چہ ماہ حسب ذیل منظور فرمایا گیا تھا۔

(۱) مولوی معز اللہ خان مدرس سوم تنخواہ دار للعہ باضافہ دس روپیہ بچاس روپیہ تنخواہ پر مدرس دوم۔

(۲) مولوی وزیر محمد خان مدرس درجہ پنجم تنخواہ دار للعہ باضافہ دس روپیہ للعہ تنخواہ پر مدرس سوم۔

(۳) مولوی افضال الحق مدرس درجہ ششم تنخواہ دار للعہ باضافہ چہ روپیہ عہ تنخواہ پر مدرس پنجم۔

(۴) مولوی محمد یوسف پسر مولوی احمد امین للعہ تنخواہ پر مدرس ششم (جدید تقرر) اثنائے مدت امتحانی میں مولوی وزیر محمد خان کا انتقال ہوگیا۔ اور انکی جگہ کا مستقل انتظام ہوگیا ہے۔ مولوی معز اللہ خان بعہدہ مدرس دوم۔ اور مولوی محمد یوسف مدرس درجہ ششم غیر مستقل ہین۔ ڈائرکٹر صاحب و پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ نے اس مدت امتحانی مین ان ہر دو مدرسین کے کام کی تعریف کی ہے اور سفارش استقلال کی ہے۔ لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم مستقلی مولوی معز اللہ خان درجۂ دوم پر پچاس روپیہ تنخواہ پر اور مستقلی مولوی محمد یوسف درجۂ ششم پر للعہ تنخواہ پر ارسال اجلاس ہمایون ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد

دستخط صاحب ... پرنسپل صاحب ... جولائی ۱۹۲۵ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایون احکام ضابطہ جاری ہون۔

۱۵ر جولائی ۱۹۲۵ء — دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۱۴ر جولائی ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت دربارۂ منظوری رخصت چہ ماہی منشی سلطان حسین جنائی پیشکار فیکٹریز بصراحت حکم۔

حکم

منشی سلطان حسین جنائی کی رخصت چہ ماہ حسب صراحت رپورٹ منظور ہے۔

بیس روپیہ انکو ملینگے۔ دس روپیہ قرضہ سرکار مین جائینگے۔ بقیہ بیس روپیہ بحق سرکار رہین گے۔ عوض کی ضرورت مین ایام رخصت نامبردہ مین منشی شرف الدین خان سے کام لیا جائیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۱۳ر جولائی ۱۹۲۵ء

مثبتہ عرضی منشی عبد القیوم محافظ دفتر دفتر انگریزی معتمد و ہیڈ کلرک دربارۂ منظوری رخصت مزید ایک سال بسلسلہ سابقہ بوضع کل تنخواہ۔

حکم

رخصت مزید ایک سال بابو عبد القیوم محافظ دفتر منظور ہے۔ تا صدور حکم ثانی بابو برج باسی لال بدستور دس روپیہ الاونس پاتے رہینگے اور بیس روپیہ بیابہ سرکار ہوتے رہین گے۔ بغرض اجرا احکام صادرہ کو مرسل ہو۔ اور اشتمال محافظ خانہ واپس کیجائین۔ دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۸ر جولائی ۱۹۲۵ء

مثبتہ یادداشت مفتی صاحب دیوانی دربارۂ اضافہ تنخواہ سے لطیف احمد اہلمد دیوانی بوجہ محنت و دیانتداری و قلت تنخواہ از دیگر اہلمدان۔

حکم

حسب سفارش مفتی صاحب دیوانی لطیف احمد اہلمد دیوانی کی تنخواہ مین دو روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاتا ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

رخصت

۱۶ر جولائی ۱۹۲۵ء

مثبتہ رپورٹ میونسپل افسر صاحب دربارۂ منظوری رخصت یکماہ رعایتی از ۷ر اگست لغایت ۶ر ستمبر ۱۹۲۵ء حبیب اللہ صاحب انسپکٹر چنگی بضرورت سفر الہ آباد بغرض حصول پنشن۔

حکم

حسب سفارش میونسپل افسر صاحب رخصت رعایتی یکماہ کی منظور کیجاتی ہے۔ کام کا انتظام میونسپل افسر صاحب کرینگے۔ بغرض اجرا احکام صادرہ کو مرسل ہو۔
دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر پی - ڈبلو - ڈی و صنعت و حرفت ریاست رامپور

واقع ۱۲ مئی ۱۹۲۵ء

روئداد جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۸ مئی ۱۹۲۵ء پیش ہو کر جملہ دفعات ملاحظہ ہوئیں - دفعہ ۳ و ۸ و ۱۴
حسب رپورٹ کمیٹی منظور ہو کر امثلہ متعلقہ پر احکام صادر ہوئے - اور دفعہ ۱ کے کاغذات متعلقہ بغرض ملاحظہ ذریعہ روبکار
جداگانہ طلب کئے گئے اور دفعہ ۲ کے متعلق انجینیر صاحب برقی سے رپورٹ طلب کی گئی ہے بعد ملاحظہ کاغذات ان کی بابت
آئندہ حکم مناسب صادر کیا جاوے گا - لہذا

حکم ہوا کہ

اصل روبکار ہذا و روئداد منسلکہ خدمت میں میونسپل افسر صاحب کے بغرض کارروائی ضابطہ واپس ہو اور نقل بغرض اندراج گزٹ
مطبع سرکاری میں بھیجی جاوے - فقط

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

روئداد جلسہ میونسپل جنرل کمیٹی تصفیہ شدہ منعقدہ ٹاؤن ہال واقع میونسپل آفس

محررہ ۸ مئی ۱۹۲۵ء

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		مولوی [illegible] صاحب	صاحب میونسپل افسر	۱. صاحبزادہ سید [illegible] خان صاحب بہادر ۲. منشی عزیز الحسن صاحب نائب منتظم	۱. مبارک علی خان صاحب جاگیردار ۲. مولوی اعجاز حسین صاحب وکیل ۳. ماسٹر [illegible] سنگھ صاحب ۴. چودھری جانکی پرشاد صاحب [illegible] ۵. لالہ [illegible] صاحب ۶. [illegible]			
۱	مثل نیلام ٹھیکہ جدید اندرون میونسپلٹی [illegible]					۱	آج یہ مثل جلسہ کمیٹی میں پیش ہوئی کمیٹی نے	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسمار ممبران ملازم سرکار	اسمار ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							واقعات پر غور کیا یہ ٹھیکہ جدید دیگو کہکر قائم ہونے مین مفاد سرکار و رفتار ضروری جناب تحصیلدار چنگی رپورٹ او وصول ہو رہا ہے اور عام طور کو ہر شخص ریہ لاکر فروخت کر رہا ہے ٹھیکہ ہونے کی حالت مین جو لوگ اس کام کو کر رہے ہین انکو نقصان پہونچیگا۔ ریہ تمباکو نوشیدنی مین ملائی جاتی ہے اور پارچہ کی شوب کے کام مین آتی ہے ٹھیکہ ہونے کی حالت مین ان چیزونکی گرانی کا احتمال ہے اسکے علاوہ جب یہ جدید ٹھیکہ قائم کیا گیا تو اور اشیا جنپر محصول چنگی ہے مقرر ہے ٹھیکہ جدید ہونے کی درخواستین گذرینگی اس سے پہلے متعدد ٹھیکہ جات روغن گل وکرانہ وغیرہ کی درخواستین بعض انجمع کی گذر چکی ہین مگر تجارت پر ضعف پہونچنے کے سبب سے ایسے ٹھیکہ جات کی منظوریان اجلاس سے نہین ہوئین اسلئے کمیٹی کی رائے مین یہ ٹھیکہ جدید قایم نہین ہونا چاہیئے کاغذات باسید صدور حکم باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات وصنعت وحرفت پیش ہون	ایضاً
۲	درخواست بلال خان سکنہ گنج قدیم باستدعائے تعمیر چبوترہ بر آراضی سرکاری					۲	عرضی گزار سرکاری آراضی مین چبوترہ تعمیر کریگا لیکن آراضی کہرنجے کے شامل ہے کی جسپر سرکاری کہرنجہ لگا ہوا ہے رپورٹ افسر صاحب حلقہ سے واضح ہو کہ اجازت ہونے پر تنگی راستہ متصور ہے سرکاری آراضی وکہرنجہ کا فروخت ہونا ہے خلاف قاعدہ ہے بالاتفاق رائے یہ ہے کہ آراضی سرکاری مین اجازت تعمیر چبوترہ نہین ہونا چاہیئے عرضی گزار کو ذریعہ سپرنٹنڈنٹ حلقہ اطلاع دیجائے۔	
۳	مثل دفن ہونے ماسٹر ابراہیم خان در قبرستان ممنوعہ						یونس خان نے ماسٹر ابراہیم خان کو قبرستان ممنوعہ مین بلا حصول اجازت دفن کیا ہے نامبردہ کو جلسہ کمیٹی مین طلب کیا گیا	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							حاضر نہین ہوا قبرستان ممنوعہ مین بلا حصول اجازت دفن کرنیکی حالت مین پچاس روپیہ تاوان حصول ہونیکا دو بجائے اسکے گزٹ ہو چکا ہے یونس خان کا درخواست دے کہ بے فکر ہو جانا غیر واقعہ مین داخل ہی بالاتفاق رائے پاس ہوئے کہ مبلغ دس روپیہ تاوان یونس خان سی قابل وصول ہین جس جمعدار کو یونس خان نے درخواست دی ہی یہ جمعدار حلقہ نہین ہی بلکہ چھین خان جمعدار کی تعیناتی دوسرے علاقہ مین ہے یونس خان کے محلہ مین سکونت رکھتا ہی محلہ داری کے وجہ سے درخواست لیلی ہے یہ قصور قابل معافی ہی بامید صدور حکم باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر تعزیرات خفیف کیلئے پیش ہو۔	ایضاً
۴	رپورٹ جمعدار تھانہ گنج باطلاع برآمد کرنے چار کھڑکیان مکان مدرسہ مہربان خان بلا حصول اجازت۔					۴	اس مکان مین مدرسہ تعلیم اطفال کیلئے چار کھڑکیان بطور روشندان روشنی کیلئے مہربان خان نے تعمیر کیئے ہین جس سے کوئی عذر دار نہین ہی روشندان پر نذرانہ وصول ہونیکا قاعدہ ہی بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ مبلغ دو روپیہ نذرانہ روشندان آٹھ آنہ کے حساب سی وصول ہو کر سیاہہ کر دیا جائے	ایضاً
۵	درخواست حاجی غلام نبی سکنہ گنج قدیم باستدعا تعمیر دکانات آراضی خریدشدہ صیغہ نزول۔					۵	عرضی گزار نے آراضی صیغہ نزول سے بقیمت مبلغ پچیس روپیہ خرید کی ہی جسکے دستاویز کی نقل شامل ہے میونسپلٹی سی اجازت تعمیر بنیاد قدیم پر ہو چکی ہی رپورٹ نقشہ نویس سے واضح ہوا کہ دروازہ کا نشان موقع پر نہین ہے دکانات کے دو دروازے برآمد ہون گے مبلغ چار روپیہ بابت نذرانہ عرضی گزار سی وصول کر کے سیاہہ کرا دئے جائین اور صیغہ نزول سی حدود آراضی دریافت کر کے موقع پر نقشہ نویس بنیاد قایم کرا دین کاغذات ہذا بنابر تعمیل حوالہ نقشہ نویس ہون۔	ایضاً
۶	درخواست تقے خان سکنہ محلہ الٰہی عصمت خان باستدعا اجازت تعمیر					۶	عرضی گزار نے درخواست دے کر قبل حصول اجازت تعمیر کر لی ہی بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ آٹھ آنہ	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	دہلیز مکان۔						بابت تاوان وصول کرکے سیاہہ کرادی جائیں اور اجازت نامہ دیدیا جائے۔	ایضاً
۷	کاغذات تعمیر مکان لطافت علیخان ساکنہ محلہ مدرسہ					۷	لطافت علیخان کو اجازت تعمیر مکان مطابق بیعنامہ مع ایک دروازہ جدید ہو چکی ہے اور قیمت نذرانہ بھی وصول ہو گئی عرضی گزار نے خلاف اجازت علاوہ ازیں درعہ آراضی مرو رشامل مکان کر لی ہے اور ایک سیڑھی جدید تعمیر کی ہے جس پر دو روپیہ نذرانہ کے ہوتے ہیں بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ شمول آراضی و تعمیر سیڑھی سے کچھ دار ان کی نہیں ہیں اور سرکاری آراضی نہیں ہے مبلغ دو روپیہ بابت نذرانہ سیڑھی اور دو روپیہ بابت تاوان یعنی مبلغ چار روپیہ لطافت علی خان سے وصول کرکے سیاہہ کرادی جائیں۔	ایضاً
۸	کاغذات تحقیقات سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگلی بابت نکل جانے لکڑی گاڑی بلا ادا محصول جنگلی منے بانکے خان وغیرہ آمدہ از راہ نگر منڈی۔					۸	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگی بوجہ غفلت ملازمان چوکی جنگی مال دروازہ برکت اللہ خان محمد برکات آدم و سید لیاقت علی و سراج الحق سپاہیان پر آٹھ آنہ جرمانہ ہونا چاہئے اور آئندہ کیلئے ہدایت کیجائے کہ اسی طرح کی غفلت پر سخت تدارک کیا جائیگا اور مالکان مال سے بابت محصول مبلغ تین روپیہ چودہ پانچ آنہ وصول ہو کر سیاہہ ہو چکے ہیں تنبیہاً مبلغ دو روپیہ تاوان آئندہ مالکان سے بھی قابل وصول ہیں بامید صدور حکم با جلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات وصنعت و حرفت پیش ہو۔	ایضاً
۹	درخواست گوردہن داس ساکنہ باغیچہ ہرکشن تھانہ گنج باستدعا تعمیر دیوار مکان و ایک دروازہ جدید۔					۹	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت تعمیر دیوار و ایک دروازہ جدید با وخال نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے تعمیر بنیاد قدیم پر ہونا چاہئے	ایضاً
۱۰	درخواست کالیخان ستاجر ساکنہ محلہ کٹرہ					۱۰	عرضی گزار نے خلاف اجازت ایک در جدید	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	باستدعا تعمیر دیوار و دروازہ						غصب کیا ہی مبلغ چھ روپیہ نذرانہ کے ادا کئے ہین بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ رقم نذرانہ سیاہہ کرادی جائے اور بلا حصول اجازت جو کام کیا ہو آٹھ آنہ تاوان وصول کیا جائے بعد سیاہہ ہردو رقوم اجازت نامہ دیدیا جائے	
۱۱	درخواست پیر بخش گاذر سکنہ محلہ انگوری باغ باستدعا اجازت برآمدگی دروازہ جدید۔					۱۱	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت برآمدگی دروازہ جدید با دخال نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے۔	
۱۲	درخواست جیوو ولد بدہی قوم گاذر سکنہ انگوری باغ باستدعا اجازت دروازہ جدید۔					۱۲	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت برآمدگی دروازہ جدید با دخال نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے۔	
۱۳	درخواست الہی بخش گاذر سکنہ انگوری باغ باستدعا اجازت برآمدگی دروازہ و شمول آراضی۔					۱۳	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب و سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ موجب بیعنامہ مصدقہ ۱۴ جنوری ۱۹۲۵ء اجازت شمول آراضی و برآمدگی دروازہ جدید با دخال نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے۔	
۱۴	درخواست نوشہ خان ٹھیکہ دار سابق تہ بازاری چوک نصر اللہ خان وغیرہ باستدعا عطائے معاوضہ ممانعت فروخت سفری وغیرہ بزمانہ کالرہ من ابتدائے ۱۲ اگست لغایت ۸ ستمبر ۱۹۲۴ء تعدادی ما ماہ ۱۲					۱۴	مرض کالرہ کے زمانہ مین حسب تجویز ہیلتھ افسر صاحب متعدد ایام کیلئے من ابتدائے ۱۲ اگست لغایت ستمبر ۱۹۲۴ء شہر مین فروخت سفری و کھیرے کی ممانعت ہوئی ہی کمی آمدنی کے سبب سے نوشہ خان ٹھیکہ دار نے درخواست عطائے معاوضہ اجلاس اعلیٰ مین پیش کی جو ہر شہر مین وبائی امراض کے زمانہ مین بعض ایسی اشیا کی ممانعت ہو جاتی ہی مگر کسی ٹھیکہ دار کو ہرجہ نہین دیا گیا ہی ۲۶ اگست ۱۹۲۴ء اجلاس جناب صاحب موم سکریٹری بہادر مرحوم کا حکم مفصل ہی اس حکم کی منشا سے بھی عذر قابل لحاظ نہین ہی۔ بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ عذر و آرزو قابل لحاظ نہین ہی مطالبہ سرکاری	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							مبلغ مابہت نوشہ خان کے ذمہ باقی ہے اسکی تحصیل بذریعہ رسالدار صاحب صدر ہونا چاہئے امید ہے کہ بحکم جناب سکرٹری صاحب میونسپلٹی وصول ہو جاوے	ایضاً
۱۵	درخواست پچھمن لعل پوربی چار سکنہ پھرہٹہ بابت استدعاء تعمیر مکان بر بنیاد سابقہ و برآمد کی ایک دروازہ جدید					۱۵	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت تعمیر مکان بر بنیاد سابقہ و برآمد کی دروازہ جدید باوخال نذرانہ دو روپیہ دیجاتی ہے ۔	ایضاً
۱۶	درخواست میاں جان خان وغیرہ ٹھیکیداران تہ بازاری چوک نصراللہ خان بدین خلاصہ چوک نصراللہ خان سے ماہی فروشان کو تحصیل ہوا اوٹھا دیا گیا جس میں نقصان کثیر ہوا ہے ۔					۱۶	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ عرصہ سے ماہی فروشی کیلئے مچھرہٹہ و چوک عبداللہ گنج وغیرہ مقرر ہیں چوک نصراللہ خان کے اندر کسی وقت میں مچھلیاں فروخت نہیں ہوتی ہیں عذرات ٹھیکیداران قابل لحاظ نہیں ذریعہ دفتر میونسپلٹی عرضی گزاران کو اطلاع دیجاوے ۔	ایضاً
۱۷	درخواست عبدالعزیز متولی زیارت کالو سید صاحب بابت استدعاء تعمیر احاطہ قبرستان و گنبد زیارت شریف و عذرداری محلہ داران پیش شدہ کمیٹی ۳ - اپریل ۱۹۲۵ء					۱۷	مولوی اعجاز حسین صاحب ممبر حلقہ نے موقع پر پہنچکر اس امر کی کوشش کی کہ حسب تجویز کمیٹی ۳ - اپریل ۱۹۲۵ء باہمی رضامندی ہو جاوے محلہ داران نے اقرار کیا کہ بعد نماز جمعہ باہمی مشورہ کر کے جواب دیا جائیگا اس اقرار کو چند جمعہ گزر گئے کوئی جواب محلہ داران نے نہیں دیا عبدالعزیز متولی اپنے مصارف سے قبرستان کی احاطہ و گنبد کی تعمیر کا خواہشمند ہے کار خیر ہے بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ حسب رپورٹ ممبر صاحب متولی کو اجازت تعمیر احاطہ و گنبد مزار شریف دیجائے محلہ داران کے عذرات قابل لحاظ نہیں ہیں اُن کو اگر کوئی عذر ہو تو عدالت مجاز سے چارہ جوئی کر سکتے ہیں ۔	ایضاً
۱۸	رپورٹ جمعدار تھانہ ناظر لین باطلاع تعمیر دیوار مکان جانی مرد ولد جمالی محلہ نالہ پار بلا حصول اجازت ۔					۱۸	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ تعمیر دیوار اصلی بنیاد پر ہوئی ہے بلا حصول اجازت کی غفلت میں آئندہ تاوان وصول کر کے سابقہ کر دیا جائے ۔	ایضاً

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر	تجویزات کمیٹی	[illegible]
۱۹	نوٹ ماسٹر مرزا سنگہ ممبر بشکایت ٹھیکہ داران تہ بازاری چوک نصراللہ خان روشن گنج وغیرہ					۱۹	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ اول ٹھیکہ داران تہ بازاری چوک نصراللہ خان روشن گنج وجبہ گنج وصفدر گنج متعلقہ میونسپلٹی کو ہدایت کر دیجائے کہ تحصیلات شرح مقررہ کے موافق وصول کریں زیادہ دستانی نکریں آئندہ شکایت پر بعد جانچ سخت تدارک کیا جائیگا۔ ذریعہ دفتر میونسپلٹی جملہ ٹھیکہ داران کو اطلاع دیجائے۔	ایضاً
۲۰	نوٹ ماسٹر مرزا سنگہ ممبر بشکایت امر روشنی برقی۔					۲۰	بالاتفاق رائے پاس ہوئی کہ بجٹ میونسپلٹی سے مصارف روشنی برقی کیلئے ایکہزار روپیہ ماہوار بالمقطع ابتدا اجراء برقی روشنی سے مقرر ہوا ہے اور اسکے بعد جسقدر سڑک ہائے وکوچہ ہائے میں روشنی برقی نصب ہوئی ہے اسکے مصارف جداگانہ ماہانہ بجٹ میونسپلٹی سے دئے جاتے ہیں جسکا مصارف سالانہ تقریباً اٹھارہ ہزار روپیہ ہے بعض بعض سڑکوں میں ایک ایک دو دو لالٹین روشنی چھوڑ کر روشن ہوتی ہیں اور بعض موقع پر لیمپ خراب ہونیکے سبب روشنی بند ہو جاتی ہے جسکی جانچ میونسپلٹی سے نہیں ہوتی ہو مصارف پورے مجرا ہوتے ہیں آئندہ ممبران کمیٹی جنرل [illegible] کو اجازت ہونا چاہئے کہ وقتاً فوقتاً ہر ممبر اپنے حلقہ جات کی جانچ کرتے رہیں اور بعد جانچ جسقدر روشنی برقی کم روشن ہوگی اسکی منہائی ماہانہ بل سے ہونا چاہئے اس صورت میں جسقدر مصارف کم ہونگے اوس بچت سے دوسرے مقامات وگلیاں کوچہ ہائے میں روشنی برقی جاری ہونے کی تحریک کیجاویگی بامید منظوری باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر تعمیرات وصنعت وحرفت پیش ہو۔	ایضاً

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدائے ۲۲ر لغایت ۲۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۵ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد آج	از جون	تعداد آج	از جون	تعداد آج	از جون	تعداد آج	از جون	تعداد آج	از جون	تعداد آج	از جون
۲۲ر جولائی سنہ ۱۹۲۵ء یوم چہارشنبہ	۱۰	۲۸۱½	نقشہ نہیں آیا	۰	۸	۲۶۳	۹	۲۳۶	۱۲	۲۹۳	۲۰	۳۵۹
۲۳ر جولائی سنہ ۱۹۲۵ء یوم پنجشنبہ	۳۶	۳۱۷½	″	۰	۳۰	۲۹۳	۲۵	۲۷۱	۱۳	۳۰۶	۴۳	۴۰۲
۲۴ر جولائی سنہ ۱۹۲۵ء یوم جمعہ	۴۵½	۳۶۳	″	۰	۱۶	۳۰۹	۱۰	۲۸۱	۵۳	۳۶۰	۱۸	۴۲۰
۲۵ر جولائی سنہ ۱۹۲۵ء یوم شنبہ	۰	۳۶۳	″	۰	۹	۳۱۵	۰	۲۸۱	۲	۳۶۲	۰	۴۲۰
۲۶ر جولائی سنہ ۱۹۲۵ء یوم یکشنبہ	۳	۳۶۷	″	۰	۰	۳۱۵	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۳۶۲	۰	۴۲۰
۲۷ر جولائی سنہ ۱۹۲۵ء یوم دوشنبہ	۰	۳۶۷	″	۰	۰	۳۱۵	″	۰	۴	۳۶۶	۳	۴۲۳
۲۸ر جولائی سنہ ۱۹۲۵ء یوم سہ شنبہ	۱	۳۶۸	″	۰	۲	۳۱۷	″	۰	۰	۳۶۶	۰	۴۲۳

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۲۸ر جولائی لغایت ۲ر اگست سنہ ۱۹۲۵ء

نقشہ نہیں آیا۔							